Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 14 Short Questions Test

Q1. لفظ کے معنی لکھیں- یصدون- جار- الفئتین- علی عقبیہ- الانفال- زات بینکم- قلوبھم- لقیتم- لاتنازعوا

Ans 1: یصدون- وہ روکتے ہیں- جار- حماعتی- الفئتین- دونوں جماعتیں- علی عقبیہ- التے قدموں- الانفال- مال غنیمت- زات بینکم، آپس کے تعلقات- فلوبھم- ان کے دل لقیتم- تمھارا مقابلہ ہوجائے- لاتنازعوا- آپس میں نہ جھگڑو

Q2. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت ﷴ رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q3. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت مریم علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ تھیں-

---

Q4. قرآن مجید میں کس سورت کو سردار کہا ہے.

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کی بہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے.

Q5. اسلام سے پہلے مال غنیمت کے بارے میں کیا تصور تھا؟

Ans 1: ظہور اسلام سے قبل ہونے والی جنگوں میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ میدان جنگ میں و مال جس کے ہاتھ آگیا وہ اسی کی ملکیت ہے- اس زمانے میں لوگ مال و دولت کے حصول کے لیے بھی جنگوں میں شریک ہوتے تھے- سورۃ االانفال میں اس جاہلانہ تسؤر کی نفی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام میں جہاد کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنا ہے.

Q6. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q7. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورۃ البقرہ کو قرآن مجید کو کیا کہا ہے.

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمایا: ہر چیز کی ایک چوٹی ہوتی ہے اور قرآن مجید کی چوٹی سورۃ البقرہ ہے.

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- العلیا- چقال- یامرون- سیرحمھم- السابقون-

Ans 1: العلیا- اونچی ، بالا- ثقالا- بوجھل- یامرون- وہ حکم دیتے ہیں سیرحمھم- ان پر ضرور رحم فرمائے گا- السابقون- سبقت کرنے والے

Q9. سورۃ البقرہ میں مال خرچ کرنے کی کیا ترتیب بتائی گئی ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے مال خرچ کرنےکی یہ ترتیب بتائی ہے کہ پہلے والدین ، رشتہ داروں اور پھر دیگر حاجت مندوں پر خرچ کیا جائے.

Q10. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

Ans 1: 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-